مولانا علی محمد ابوتراب (کوئٹہ) کو صدمہ... ان کی والدہ محترمہ کا انتقال پُر ملال

مرکزی جمعیت اہل حدیث بلوچستان کے امیر اور رئیس الجامعہ السّلفیہ دعوۃ الحق (کوئٹہ) مولانا علی محمد ابوتراب اور صدر اہل حدیث یوتھ فورس بلوچستان حبیب اللہ مجاہد کی والدہ محترمہ 20 جولائی بروز جمعۃ المبارک کو وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی نیک صوم وصلوٰۃ کی پابند اور ہمیشہ ذکر الٰہی میں مشغول رہنے والی خاتون تھیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین، ادارہ ''حرمین'' ورثاء کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

جامعہ علوم اُثریہ جہلم کی 24 ویں سالانہ تقریب تکمیل صحیح بخاری شریف وجلسہ تقسیم اُسناد

قائد ملت سلفیہ حضرت الأمیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر حفظہ اللہ کا خصوصی خطاب

مورخہ 10 اگست بروز جمعۃ المبارک جامعہ کی 24 ویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف وجلسہ تقسیم اُسناد نہایت ہی تزک واحتشام سے منعقد ہوئی، جس میں ملک بھر سے جید علماء کرام اور ممتاز سکالرز حضرات اور بالخصوص حضرت الامیر پروفیسر سینیٹر ساجد میر حفظہ اللہ نے شرکت فرمائی، مہمانِ خصوصی مولانا حکیم حافظ عبدالرزاق سعیدی مہتمم جامعہ رحمانیہ فاروق آباد اور حافظ عبدالعظیم اسد مدیر دارالسلام لاہور تھے۔ پروگرام کے پہلے مرحلہ کا آغاز خطبہ جمعۃ المبارک سے ہوا جو کہ ممتاز سکالر حضرت مولانا حافظ مسعود عالم نے ارشاد فرمایا خطبہ جمعہ کے بعد 2:00 بجے جامعہ کے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اکرم جمیل نے بخاری شریف کی آخری حدیث پر عالمانہ وفاضلانہ اور مدلل درس دیا جبکہ میں دوسرے مرحلے میں نماز عصر کے بعد حافظ محمد اسلم شاہدروی نے جامعہ وبانی جامعہ کے حوالے سے مقالہ پیش کیا۔ اس کے بعد پروفیسر مولانا محمد یحیٰی بن شیخ الحدیث حضرت مولانا سلطان محمودؒ (جلال پور پیر والا) نے خطاب کیا بعد ازیں حضرت مولانا حافظ مسعود عالم نے امام بخاری کی سیرت وفقاہت کے موضوع پر نہایت ہی علمی خطاب فرمایا اور اس کے بعد مغرب تک سوال جواب کی محفل ہوئی۔

تیسرے مرحلے میں کانفرنس سے جناب بابر فاروق رحیمی، رانا محمد شفیق خان پسروری، حضرت مولانا قاری عبدالوکیل صدیقی (خانپور)، حضرت مولانا قاری خالد مجاہد (پتوکی) اور حضرت حافظ عبدالعلیم یزدانی (جھنگ) نے خطاب کیا۔

حضرت الامیر پروفیسر سینیٹر ساجد میر حفظہ اللہ نے صدارتی خطبہ ارشاد فرمایا اور کانفرنس کی رونق کو دوبالا فرمایا نیز جامعہ کے انعامی مقابلہ جات (مقابلہ حفظ حدیث، نحو، صرف اور مسابقہ علمیہ) میں نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کئے گئے۔ شعبہ کتب وحفظ سے فارغ ہونے والے طلبہ کو دارالسلام لاہور کی طرف سے بیش قیمت انعامی کتب دی گئیں۔ خصوصی انعام مثالی طالب علم کو بھی دیا گیا۔